NEW AL WUROOD INTERNATIONAL SCHOOL JEDDAH, K.S.A

Class: 7 Worksheet 1
Subject: URDU T.L

حصہ (الف)

سوال1: دی گئی غیر درسی نثری اقتباس کا مطالعہ کیجئے اور مندرجہ زیل سوالوں کے جواب دیجئے۔

شکاری نے گھوڑے کے منھ میں لگام ڈال دی اور دونوں ہرن کی تلاش میں نکل پڑے۔ تھوڑی ہی دور گئے تھے کہ ہرن نظر آیا۔ گھوڑے نے کہا: ''یہی ہے وہ ہرن، تم اسے مار دو۔''

شکاری نے گھوڑے کو اس کے پیچھے ڈال دیا۔ گھوڑا تیز تیز دوڑنے لگا۔ دوڑتے دوڑتے وہ ہرن کے بالکل قریب پہنچ گیا۔ شکاری نے تیر چلایا۔ تیر ہرن کے سینے پر لگا۔ ہرن نے بھاگنے کی کوشش کی، لیکن تھوڑی دور جا کر گر پڑا۔

اب گھوڑے نے اطمینان کا سانس لیا کہ اُس کا دشمن مارا گیا۔ اُس نے شکاری سے کہا'' بھائی شکاری! میں تمھارا احسان مند ہوں کہ تم نے میرے دشمن کا کام تمام کر دیا۔ اب تم اپنا شکار لے جا سکتے ہو۔''

شکاری نے کہا: ''اِس میں احسان کی کیا بات ہے۔ مجھے شکار ملا اور اس کے ساتھ ایک اور فائدہ بھی ہوا۔''

''گھوڑے نے پوچھا: ''کیا فائدہ؟''

شکاری نے کہا: ''مجھے پہلے نہیں معلوم تھا کہ تم اتنے کارآمد ہو۔ اب پتہ چلا ہے کہ تم تو بڑے کام کے جانور ہو۔'' یہ کہہ کر اس نے لگام کھینچی۔ گھوڑا بے چارہ بے بس ہو گیا۔ کرتا تو کیا کرتا۔ شکاری گھوڑے کو بستی میں لے آیا۔ وہ دن اور آج کا دن گھوڑے کے منھ سے لگام نہیں نکلی اور گھوڑے کا کام ہی یہ ہے کہ وہ آدمی کو اپنی پیٹھ پر بٹھائے پھرتا ہے۔ اسی لیے تو کہتے ہیں کہ آپس کا لڑنا جھگڑنا ٹھیک نہیں۔

1۔شکاری نے گھوڑے کے منہ میں کیا ڈالا؟

2- گھوڑا تیز دوڑتے ہوئے کس کے قریب پہنچ گیا؟

3- شکاری کو کیا فائدہ ہوا؟

4- اس سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

سوال2:مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں:

قمری
چکور
بَن
سرسبز
غلّے
میوے
ترکاریاں
گل کاریاں
سیراب
زرخیز

چشمہ
رواں
فردوس
گماں
دلکش

جدوجہد
ولادت
منصب دار
مظالم
سپرد کرنا
تربیت
رہن
اقرار
جرأت
اتحاد
نگرانی

نکھار
چمک رہی ہیں
روشیں
ہرسُو
راحت فزا
بلا کی دلکشی
امنگ

حصہ (ب)

سوال3:پرنسپل کو بیماری کی درخواست لکھیں:

حصہ (ج)

سوال4:اسم کی تعریف بیان کریں اور اسکی اقسام تحریر کریں۔

سوال 5:واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔

چڑیا بلبل جھیل دریا جھرنوں پہاڑ میوے

سوال6: مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں:

بادشاہ قید برباد رونق پسند آزادی نفرت اقرار رئیس شروع مبارک

سوال7: مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے:

بزرگ اصرار تربیت رخصت حوصلہ خواہش

دریا پہاڑ وطن منظر چمن سماں

نکھار چمک مہک ہرسُو دلکشی چاندنی امنگ

حصہ (د)

سوال 8:خالی جگہ پر کریں:

مولانا محمد علی جوہر کی والدہ __________ کے طور پر جانی جاتی تھیں۔

بی اماں کا تعلق __________ اور __________ کے خاندان سے تھے۔

انگریزوں کے __________ کی داستانیں بھی __________ سے سن رکھی ہیں۔

علی برادران نے __________ کے ذریعہ انگریزوں کے خلاف آواز بلند کی۔

انگریز حکومت نے انھیں __________ پر روک دیا۔

ہندوستان کی آزادی اور __________ کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔

آیا ہے __________ کا زمانہ

کلیاں کیا کیا __________ رہی ہیں

چڑیاں گاتی ہیں __________ پیارے

گویا جنّت کا __________ کھلا ہے

سوال 9:"دار" لگا کر پانچ الفاظ بنایں:

سوال 10: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیں:

شاعر نے نظم میں کن کن پرندوں کا ذکر کیا ہے؟

دلکش چمن کس کو کہا گیا ہے؟

"ہے فردوس کا اس چمن پر گماں" اس مصرعے سے کیا مراد ہے؟

اس نظم میں ہمارے وطن کی کیا کیا خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟

اس نظم کے شاعر کا نام لکھیے۔

شاعر اس نظم میں کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

بی اماں کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

بی اماں کے خاندان میں وطن سے محبت کس بات سے ظاہر ہوتی ہے؟

انگریزوں سے سمجھوتے کی بات پر بی اماں نے کیا کہا تھا؟

شوہر کے انتقال کے بعد بی اماں نے اپنے بچوں کی پرورش کس طرح کی؟

علی برادران بی اماں سے ملنے رام پور گئے تو انگریزوں نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

بی اماں کی آخری خواہش کیا تھی؟

باغوں پر نکھار آنے کی کیا وجہ ہے؟

روشیں کیوں مہک رہی ہیں؟

''جنّت کا در کھلا'' ہونے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

چاندنی کیسی لگ رہی ہے؟

سڑکوں پر جانے والے لوگ کیا گا رہے ہیں؟

سوال 11:

اپنے پسندیدہ موسم پر پانچ جملے لکھیے۔